Aazmaish

Tumharee haalat ye keh rahee hay
Keh jism ki kusmasahatain hoi lums chahain
Keh hont ki kupkupahatain gurm saans maangain
Keh khoon ki sursurahatain bhee
Rugon main kurtee hain gudgudee see
Keh Rooh ki gungunahatain
Aik geet bunnay kee aarzoo main
Rubab chherdnay ki muntazir hain

To Yeh buta-o
Keh aazmaish ke aisay lumhay
Woh shukhs jo khud ko dost sumjhay
Woh kis turha aik sung-e-be-his bana rahay ga

Murtaza Birlas
(Irta'ash)

نظمیں (مطبوعہ ارتعاش)

آزمائش

تمہاری حالت یہ کہہ رہی ہے
کہ جسم کی کسمساہٹیں کوئی لمس چاہیں
کہ ہونٹ کی کپکپاہٹیں گرم سانس مانگیں
کہ خون کی سرسراہٹیں بھی
رگوں میں کرتی ہیں گدگدی سی
کہ روح کی گنگناہٹیں
ایک گیت بننے کی آرزو میں
رباب چھڑنے کی منتظر ہیں

تو یہ بتاؤ
کہ آزمائش کے ایسے لمحے
وہ شخص جو خود کو دوست سمجھے
وہ کس طرح ایک سنگِ بے حس بنا رہے گا



Copyright (C) Reserved by Author

Home